© rasailojaraid.com

سے قصبے کا رہنے والا تحریک اسلامی کا ایک فعال اور مستعد نوجوان کارکن ہے۔ یہ کوئی متعین شخصیت نہیں ہے بلکہ اسلامی انقلاب کے قافلے کا ہر نوجوان ان مکاتیب کا مخاطب ہے۔"

**پڑھنے والوں کی رہنمائی کے لیے ایک بنیادی فہرست**

**اُردو میں**

**بچوں کی کتابیں**

مرتبہ و شائع کردہ: قومی کتاب مرکز پاکستان

تھیوسوفیکل ہال۔ بندر روڈ۔ کراچی ۱

قومی تعلیم کے مسائل میں بچوں کی تعلیم کا مسئلہ سب سے زیادہ اہم اور سب سے زیادہ مشکل ہے۔ بچپن میں جو نقوش انسانی ذہن پر مرتسم ہو جاتے ہیں، وہ گویا بنیاد ثابت ہوتے ہیں اور بعد میں اس کی زندگی جو پیرایہ بھی اختیار کرتی ہے، ان نقوش کا اثر اس میں ظاہر ہو کر رہتا ہے۔ ماں باپ، ماحول اور اساتذہ کے برابر برابر اثر ان کتابوں کا بھی بچے کے ذہن اور اخلاق پر پڑتا ہے جو وہ بچپن میں پڑھتا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ جن لوگوں نے اپنے بچپن میں علامہ اقبال کی نظمیں اور مولانا حالی کی نعتیں پڑھی ہیں، ان کا نقطۂ نظر بقیہ زندگی میں ان لوگوں سے قطعی مختلف ہوگا جو اپنے بچپن میں "ایک ننھا لڑکا ٹوٹ بٹوٹ" اور "گٹو گرے" پڑھ کر جوان ہوتے ہیں۔ ہمارے بزرگ بچوں کی تعلیم میں ابتدائی نقوش کی اسی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے، ان کی تعلیم کا آغاز قرآن کریم گلستان، کریما اور مامقیماں سے کرتے تھے۔

منہج تعلیم کے بعد، والدین اور اساتذہ کے لیے کتابوں کے انتخاب کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اب سے پچاس سال قبل تک ایک بندھا ٹکا نصابِ تعلیم تھا جو عام طور پر سبھی بچے پڑھا کرتے تھے لیکن اس نصاب تعلیم کی تقریباً ساری ہی کتابیں فارسی میں ہوتی تھیں۔ اب جبکہ فارسی کی جگہ اُردو نے لے لی ہے، کتابوں کے انتخاب کا مسئلہ زیادہ بڑھا ہو گیا ہے۔

درسی کتابوں کے علاوہ بچوں کو اضافی مطالعے کے لیے بھی کتابوں کی ضرورت ہوتی ہے کہ اس طرح ان میں مطالعے کا شوق پیدا ہو جاتا ہے اور ان کی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ جن بچوں کو مطالعے کا شوق ہو جاتا ہے وہ بالعموم آوارہ گردی سے محفوظ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

رہتے ہیں۔ لیکن یہاں پھر کتابوں کے انتخاب کا مسئلہ آکھڑا ہوتا ہے۔ فضول قسم کے بے سر و پا قصے کہانیاں اور انگریزی کامکس کے طرز کی کتابیں بچوں کے ذہنوں پر ناخوشگوار اثر ڈالتی ہیں۔

ہمیں ازحد خوشی ہے کہ قومی کتاب مرکز پاکستان نے اردو زبان میں بچوں کی کتابوں کے انتخاب کے مسئلے کا لحاظ کیا اور والدین اور اساتذہ کی رہنمائی کے لیے یہ فہرست مرتب کر کے شائع کر دی۔ زیر نظر کتاب اس فہرست کا پہلا نمبر ہے۔ اس میں اسلامیات، تاریخ، سیرت و سوانح، روزمرہ سائنس، معلومات اور مشاغل، قصے کہانیاں، لطیفے اور کھیل اور بچوں کی نظموں پر مجموعاً ۱۲۸۲ کتابوں کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ جس سلیقے، محنت اور خوبصورتی کے ساتھ یہ کتاب مرتب اور طبع کی گئی ہے، اس سلیقے، محنت اور خوبصورتی کے ساتھ ہمارے ملک میں بہت کم کتابیں شائع ہوتی ہیں۔ مرتبین نے اس فہرست میں کتاب کا نام، مصنف یا مترجم کا نام، ناشر، سنِ اشاعت، ضخامت، سائز، قیمت اور طباعت کی نوعیت (آفسٹ یا لیتھو وغیرہ) غرض یہ کہ تمام ممکن تفصیلات فراہم کی ہیں۔ اس کے علاوہ جن جن ناشروں کی کتابوں کو فہرست میں شامل کیا ہے، ان کے مکمل پتے علیحدہ سے دیئے ہیں۔ کتاب کے آخر میں مصنفین اور مترجمین کا اشاریہ بھی دیا گیا ہے۔ (ع۔ ف)

---

# ضروری اعلان

ترجمان القرآن کے منصب رسالت نمبر کی صرف چند کاپیاں دفتر میں موجود ہیں۔ خواہشمند حضرات ساڑھے تین روپے کی بجائے صرف دو روپے فی کاپی کے حساب سے (مع محصولڈاک) طلب کر سکتے ہیں۔

مینیجر ترجمان القرآن

© rasailojaraid.com